فلا قراءة مع الامام في شيء من الصلوة
٩٢
الحمد للہ کہ یہ رسالہ لطیفہ خاص عام معروف بین الانام باسم
درة النظام في منع القراءة خلف الامام على حقية مذهب الامام الهمام
...سیل البنارسی
...شاد طبع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی جعل الصلوٰۃ افضل ارکان الاسلام ؁ وامرنا بالاستماع والانصات حین قراءۃ الامام فی کلامہ القدیم بکمال الاہتمام ؁ فقال واذا قری القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا وھو العزیز العلام ؁ والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد سید الانام الذی قال بکیفیت قراءۃ الامام ؁ وقال من صلی رکعۃ لم یقرء فیہا بام الکتاب فلم یصل الا وراء الامام ؁ وحکم وقال من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ فی جملۃ الاحکام ؁ وعلی آلہ وصحبہ الذین اجمع منہم علی ترک القراءۃ خلف الامام ثمانون نفراً منہم الخلفاء العظام ؁ وعلی التابعین الراشدین منہم افضلہم وخیرہم ابوحنیفۃ الامام الہمام ؁ الذی حدثنا مرفوعاً من صلی خلف الامام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ من حدیث خاتم الانبیاء الکرام ؁ وعلی تبع التابعین الذین شرحوا مسائل الدین منہا مسئلۃ ترک القراءۃ خلف الامام فی زبرہم العظام ؁ وعلی تبع تبع التابعین الی یوم الدین من المقلدین الخواص والعوام ؁ الذین لم یخرجوا من تقلید الائمۃ المجتہدین وقلدوا اقلادۃ التقلید فی جیدہم بالصدق تمام ؁ اما بعد فقیر حقیر سراپا تقصیر بندۂ ذلیل **محمد اسمٰعیل** بنارسی حنفی تلمیذ مولانا ومقتدانا جامع معقول ومنقول حاوی فروع واصول عمدۃ المحققین اشرف الواعظین

فصیح اللسان صحیح البیان عالم لوذعی فاضل المعی حاجی حافظ قاری مولانا **محمد رضا علی** البناری الحنفی الفاروقی القادری النقشبندی المجددی دام اللہ فیضہم الخفی والجلی بھائی مسلمانوں کی خدمتمیں عرض کرتا ہی کہ اس رسالہ موسومہ بدرۃ النظام فی منع قراءۃ الفاتحۃ خلف الامام علی تحقیق مذہب الامام الہمام کے تحریر کی کچھ حاجت نہ تھی اسوجہ سی کہ زمانہ سلف سی تا ایندم تمام قدما ومتاخرین اپنی کتب و رسائل میں بالاتفاق تحریر فرماتے آئی ہین کہ قرات خلف امام مکروہ تحریمی ہی و بعض قائل الفساد نماز ہین مگر ان دنون شہر بنارس مین بسبب بعض لوگون کے عوام الناس مین بہت اختلاف اس مسئلہ مین پڑ گیا اگرچہ علماء بنارس و اطراف مستعد دفع اس اختلاف کے ہین و تالیف جدید کرتے ہین مگر اکثر میری احباب نے اصرار کیا کہ جو تحقیق علماء حنفیہ کی بدلائل قرآن و حدیث سے لکھنا چاہیے پس حسب درخواست احباب حنفیہ کے قدری تحریر کرنا مناسب جانا واضح ہو کہ فقیر نے سنہ ١٢٨٦ھ مین اس مسئلہ خاص کو مطابق باب محب کے چند کتب معتبرہ متون و شروح و فتاوی سے لکھکر شہر دہلی مین بخدمت شریف جناب نواب **قطب الدین خان** صاحب مہاجر فی سبیل اللہ مغفور مبرور کے ارسال کیا تھا اور جناب مولانا مرحوم نے مہر و دستخط اپنے اور جملہ علماء محققین مقلدین کے شہر مذکور سی حاصل فرما کر مرحمت فرمایا تھا وہ اصل استفتا میری پاس ہنوز موجود ہی چنانچہ ملخصاً عبارت استفتا مع عبارت جواب تصویب و تصحیح علماء موصوفین کے آخر مین اس رسالہ کے مرقوم ہی الغرض پھر اسکو مع توضیح موافق سوال سائلین کے سنہ ١٢٩٢ہجری مین چند کتب معتبرہ مثل تفسیر معالم التنزیل[1] و تفسیر مدارک[2] و تفسیر حسینی[3] و تفسیر احمدی[4] و فتح المنان[5] فی تائید مذہب النعمان و جامع البرکات[6] از شیخ عبد الحق محدث دہلوی و ارکان اربعہ[7] از مولنا عبد العلی بحر العلوم و مسلم شریف[8] و بخاری شریف[9] و سنن ابن ماجہ[10] و سنن ابی داود[11] و سنن نسائی[12] و سنن ترمذی[13] و کتاب اثمار الرجال[14] المسمی بتقریب التہذیب و موطاء[15] امام محمد و موطاء[16] امام مالک و عینی[17] شرح بخاری شریف و رسالہ[18] منع قرات خلف امام از مولوی خرم علی بلہوری و شرح[19] زرقانی بر موطاء امام مالک و حلبی[20] معروف بکبیری شرح منیۃ المصلی و فتح القدیر[21] حاشیہ ہدایۃ

وتبصیر[22] العینین وتحفہ[23] اثنا عشریہ از مولانا شاہ عبدالعزیز وشرح[24] مسلم از علامہ نووی و
مقدمہ[25] مشکوۃ از شیخ عبدالحق محدث دہلوی وکشف[26] الغمہ عن جمیع الامہ از عبدالوہاب شعرانی
ورسالہ[27] الدلیل القوی علی ترک القراءۃ للمقتدی از مولوی احمد علی محدث سہارنپوری و
منح[28] الغفار شرح تنویر الابصار ومرقاۃ[29] حاشیہ مشکوۃ وشرح[30] شرح نخبۃ الفکر از ملا علی قاری
وزیلعی[31] شرح الکنز ورسالہ[32] منع قراءت از مولوی نذیر حسین[33] سورجگڑھی وغرۃ[34] المنیفہ فی ترجیح مذہب
ابی حنیفہ ترجمہ عربی از کتاب فارسی علامہ فخر الدین رازی ودر[35] المختار وشامی[36] حاشیہ در المختار
وطحطاوی[37] حاشیہ دیگر بر در المختار وجامع[38] الرموز وہدایہ[39] وقدوری[40] وکنز[41] الدقائق وملتقی[42] الابحر و
مختصر[43] الوقایہ وشرح[44] وقایہ وچلپی[45] حاشیہ شرح وقایہ وفتاوی[46] سراجیہ وفتاوی[47] قاضیخان
وفتاوی[48] سراج المنیر وتفسیر[49] مظہری ومالا[50] بد از قاضی ثناء اللہ پانی پتی وفتاوی[51] برہنہ ومجموعہ[52]
سلطانی وصلوۃ[53] مسعودی وغیرہ سے انتخاب کرکے بقصد رفاہ عوام لعبارات آسان تحریر کیا
مشتمل اوپر پانچ فصلوں کے **فصل اول** مین اثبات ترک قراءت خلف امام بآیہ کلام اللہ **فصل
دوم** مین ذکر احادیث ترک قراءت خلف امام **فصل سوم** مین بیان عمل اور فتوی اصحابہ
کرام کا **فصل چہارم** مین احادیث متمسکہ مثبتین مع توضیح جواب **فصل پنجم** مین عبارات
کتب فقہ درباب منع قراءت خلف الامام اللہم ثبتنا علی صراط المستقیم بحرمۃ النبی الامی
وآلہ وصحبہ اجمعین فہا انا اشرع فی المقصود متوکلا علی اللہ الرحیم الودود +

السوال

کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ حنفی کو پڑھنا سورہ فاتحہ کا خلف امام موافق تحقیق حضرت
ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور حضرات علماء حنفیہ رحمہم اللہ کے ثابت ہے یا نہین کتب معتبرہ سے بیان فرماوین

الجواب وہو الموفق والمعین

پڑھنا سورہ فاتحہ کا مقتدی کو خلف امام حسب تحقیق حضرت امامنا ومقتدانا امام اعظم فخر عالم
حضرت ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ اور تمام علماء حنفیہ کے مکروہ تحریمی ہے بلکہ بعض قائل

بفساد نماز ہین کما ہو موجود فی الکتب پس مقتدی بجز استماع اور سکوت کے قراءت نکرے
خواہ نماز جہری ہو خواہ سری اور ادلہ علماء حنفیہ رحمہم اللہ کے آیۃ کلام اللہ اور حدیث رسول
اللہ اور آثار صحابہ سے کتب معتبرہ مین موجود ہین صاحب علم اس سے خوب واقف ہین کہ کیسے کیسے
علماء محدثین اور فقہاء معتبرین اپنی کتب ورسائل مین زمانہ سلف سے آجتک تحریر فرماتے ہین
ہین کہ مقتدی خلف امام سورہ فاتحہ نہ پڑھے اگر پڑھیگا بموافق تحقیق علماء موصوفین کے گنہگار ہوگا

فصل اول در ذکر ترک قراءت خلف امام بہ نص آیہ کلام ربانی

فرمایا اللہ جلشانہ نے آخر سورہ اعراف مین وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّکُمْ
تُرْحَمُوْنَ ترجمہ جب پڑھا جاوے قرآن پس سنو اسکو اور چپکے رہو شاید کہ تم رحم کیے جاؤ
علامہ بغوی علیہ الرحمۃ تفسیر معالم التنزیل مین شان نزول اس آیہ مجید کی اسطور پر تحریر فرماتے
ہین اختلفوا فی سبب نزول ہذہ الآیۃ فذہب جماعۃ الی انہا فی القراءۃ فی الصلوۃ
یعنی اختلاف کیا مفسرین نے بیچ سبب نازل ہونے اس آیۃ مجید کے پس گئی ایکجماعت
مفسرین طرف اس تحقیق کے کہ نازل ہوئی یہ آیت قراءت کرنے مین بیچ نماز کے یعنی نماز مین لوگ
خلف امام قراءت کرتے تھے اسکی ممانعت مین نازل ہوئی اور بعد بیان اختلاف کے فرمایا
والاول اولیہا وہو انہا فی القراءۃ فی الصلوۃ یعنی قول اول اولی ہے کہ یہ آیہ
نازل ہوئی قراءت کرنے نماز مین اور بعد چند سطر کے فرمایا ذہب قوم الی انہ لا یقرأ سواء
اسر الامام او جہر یروی ذلک عن جابر وبہ قال الثوری واصحاب الرای وتمسک من لا یری
القراءۃ خلف الامام بظاہر ہذہ الآیۃ یعنی گئی ایک جماعت مفسرین اس جانب کہ نہ قراءت
کرے مقتدی برابر ہے کہ پوشیدہ پڑھے امام یا جہر روایت کی گئی یہ حضرت جابر صحابی
سے اور موافق اسکے فرمایا سفیان ثوری اور اصحاب رای نے اور تمسک پکڑتے ہین وہ
لوگ کہ نہین ثابت ہے نزدیک انکے قراءت خلف امام بظاہر اسی آیہ کے انتہی ما فی المعالم
اور تفسیر مدارک مین آیہ مذکور کے ذیل مین لکھتے ہین مرقوم وجمہور الصحابۃ رضی اللہ عنہم علی انہا فی استماع المؤتم

یعنے جمہور صحابہ کا اتفاق اس امر پر ہی کہ یہ آیت بیچ استماع مقتدی کے نازل ہوئی اور مولٰنا کمال الدین حسین کاشفی تفسیر حسینی مین تحریر فرماتے ہین وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ وچون خوانده شود قرآن در نماز فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ پس بشنوید مر آنرا وَاَنْصِتُوْا و خاموش باشید و با امام تلاوت مکنید لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ شاید که رحم کرده شوید انتہی وہکذا فی التفسیر الاحمدی اور عمدة المحققین زبدة المحدثین حضرت مولانا شاہ عبد الحق محدث دہلوی قدس سرہ جنکی تحقیق نزدیک علماء عرب وعجم کے کالشمس فی نصف النہار روشن ہی وہ اپنی کتاب فتح المنان فی تائید مذہب النعمان مین تحریر فرماتے ہین ذہب ابو حنیفہ رح الی انہ لا یقرء لا فی السریۃ ولا فی الجہریۃ لقولہ تعالی وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ وروی البیہقی انہ قال اجمع الناس علی ان ہذہ الآیۃ فی الصلوۃ وقیل ہذا ما التوراۃ عن ثمانین نفرا من الصحابۃ منہم الخلفاء الراشدون الاربعۃ رضی اللہ عنہم اجمعین انتہی یعنے حضرت مولانا موصوف فرماتے ہین کہ تحقیق حضرت امام ابو حنیفہ رح کی یہہ ہی کہ نہ قرارت کری مقتدی سورہ فاتحہ خواہ نماز سری ہو خواہ جہری موافق قول جناب باری عز اسمہ کے یعنی وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ اور روایت کی بیہقی نے کہ اتفاق ہی تمام مفسرین کا اس امر مین کہ نازل ہوئی یہہ آیت درباب نماز کے اور کہا گیا کہ یہہ منقول ہی یعنی عدم قرارۃ خلف امام اسی نفر اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے از انجملہ حضرت خلفاء اربعہ رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین ہین اور مولانا عبد العلی بحر العلوم کہ جنکے علم وتحقیق کا تبحر بین العلماء اظہر من الشمس ہی ارکان اربعہ مین تحریر فرماتے ہین حجتنا ثانیًا قولہ تعالی وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ قال احمد اتفقوا علی انہ نزل فی الصلوۃ وعن مجاہد کان علیہ الصلوۃ والسلام یقرء فی الصلوۃ فسمع فتی من الانصار فنزل وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ یعنی مولانا موصوف وسبرور نے حجت ثانیہ عدم قرارت خلف امام مین آیہ مذکورہ تحریر فرمایا اور کہا کہ فرمایا امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اتفاق ہی تمام مفسرین کا کہ یہہ آیہ نازل

ہوئی درباب نماز کے اور مجاہد سے مروی ہی کہ تھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قرارت کرتے ــ نماز مین پس سنی آپ نے قرارت ایک جوان انصاری سے اسوقت نازل ہوئی آیۃ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ الخ

فصل دوم در ذکر ترک قرارت خلف امام باحادیث صحیحہ

واضح ہو کہ علاوہ اسکے حدیث رسول اللہ صلعم تفسیر آیۃ مذکورہ کے موجود ہی کما رواہ مسلم عن ابی موسی الاشعری رضی اللہ عنہ قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبنا فبین لنا سنتنا وعلمنا صلوتنا فقال اِذَا صَلَّيْتُمْ فَاَقِيْمُوْا صُفُوْفَكُمْ ثُمَّ لْيَؤُمَّكُمْ اَحَدُكُمْ فاذا کبر فکبروا واذا قال ولا الضالین فقولوا آمین یجبکم اللہ فاذا کبر ورکع فکبروا وارکعوا فان الامام یرکع قبلکم ویرفع قبلکم الحدیث وفی روایۃ واذا قرأ فانصتوا یعنے صحیح مسلم مین حضرت ابو موسی اشعری رض سے مروی ہی کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑھا پس بیان کیا واسطی ہماری طریقہ سنت اور تعلیم فرمائی نماز ہم لوگونکو پس فرمایا جسوقت نماز پڑھو تم سب پس سیدہی کرو صفین اپنی پھر چاہیے کہ امام ہو ایک شخص تم مین سے پس جب اللہ اکبر کہی تو تم سب اللہ اکبر کہو اور جب ولا الضالین کہی تو تم سب آمین کہو دوست رکھیگا تمکو اللہ پس جب اللہ اکبر کہی اور رکوع کری پس تم سب اللہ اکبر کہو اور رکوع کرو پس تحقیق امام رکوع کرتا ہی قبل تمہاری اور رفع کرتا ہی قبل تمہاری اور ایک روایت مین صحیح مسلم کی اسقدر زیادہ ہی کہ جب قرارت کرے امام پس چپ رہو تم سب اور کہا مسلم نے عندی صحیح یعنی لفظ وَاِذَا قرأ فَاَنْصِتُوْا صاحب مسلم کے نزدیک صحیح ہی حاصل یہہ کہ اس حدیث مین تعلیم فرمانا نماز کا آنحضرت صلعم سے بتاکید ثابت ہوا اور اس تعلیم مین تکبیر تحریمہ سے رکوع تک مقتدی کو قرارت تعلیم نفرمائی اگر واجب ہوتی تو ضرور تاکید فرماتے بلکہ وَاِذَا قَرَءَ فَاَنْصِتُوْا سے ممانعت ظاہر ہی لہذا علامہ ابراہیم حلبی شرح منیۃ المصلی مین تحریر فرماتے ہین کہ ہماری دلیل ممانعت قرأۃ مین منجملہ احادیث کے یہہ ہی اِذَا صَلَّيْتُمْ فَاَقِيْمُوْا صُفُوْفَكُمْ الخ وفی سنن ابن ماجہ حدثنا ابو بکر بن ابی شیبہ حدثنا ابو خالد الاحمر عن ابن عجلان عن زید

بن اسلم عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرء فانصتوا واذا قال غیر المغضوب علیہم و
لا الضالین فقولوا آمین الخ یعنی صاحب سنن ابن ماجہ اس حدیث کو مرفوعاً اس طرح
سے روایت کرتے ہین کہ حدیث بیان کی ہمسے ابوبکر ابن شیبہ نے اور انھون نے
کہا کہ حدیث کی ہمسے ابو خالد احمر نے انھون نے ابن عجلان سے انھون نے زید بن اسلم سے
اور وہ ابو صالح سے وہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا ابو ہریرہ نے کہ فرمایا رسول خدا
صلے اللہ علیہ وسلم نے سواے اسکے نہین کہ مقرر کیا گیا امام تاکہ اقتدا کیجاوے ساتھ اسکے
پس جب اللہ اکبر کہے تو تم سب اللہ اکبر کہو اور جب قرارت کرے تو تم سب چپکے رہو اور جب
ولا الضالین کہے تو آمین کہو پس موافق حدیث مسلم اور ابن ماجہ کے صاف ظاہر ہے کہ بجز
تکبیر تحریمہ اور ولا الضالین کے مقتدی قرارت نکرے اور رواۃ اسکے ثقاہت و عدالت مین
نزدیک حضرات محدثین کے نہایت معتبر ہین چنانچہ علامہ ابن حجر تقریب مین تحریر فرماتے
ہین ابوبکر بن ابی شیبۃ الکوفی ثقۃ حافظ صاحب التصانیف من العاشرۃ مات سنۃ
خمس وثمانین ومائتین یعنی ابوبکر بن ابی شیبہ کوفی ثقہ حافظ حدیث صاحب تصانیف
ہین طبقہ عاشرہ سے انتقال کیا ۲۸۵ھ مین اور احوال ابو خالد احمر کا یہ ہے کہ ابو خالد
کنیت ہے نام انکا سلیمان ابن حیان ہے ثقاہت و امانت مین نہایت ممتاز ہین کہ بخاری
اور مسلم وغیرہ ایک جماعت ائمہ محدثین نے انکی روایت کو اختیار کیا کما قال العینی
فی شرح البخاری اما ابو خالد فقد اخرج منہ الجماعۃ کما ذکرنا وقال ابو اسحق بن ابراہیم
سالت وکیعاً فقال وابن ابو خالد ممن یسئال عنہ وقال ابو ہشام الرفاعی ثنا ابو خالد
الاحمر الثقۃ الامین انتہی ما فی شرح البخاری یعنی علامہ عینی فرماتے ہین کہ نقل کیا
حدیث کو ابو خالد سے ایک جماعت ائمہ محدثین نے اور کہا ابو اسحق بن ابراہیم نے
دریافت کیا مین نے وکیع سے حال ابو خالد کا فرمایا انھون نے کہان ابو خالد اور کہان

وہ لوگ جنکا حال دریافت کیا جاوے یعنی نہایت ثقہ ہے کچھ حاجت دریافت کی نہین اور کہا
ابو ہشام رفاعی نے حدیث کی ہمسے ابو خالد احمر ثقہ امین نے اور ابن عجلان کہ نام انکا
محمد ہے انکی نسبت علامہ ابن حجر تقریب مین فرماتے ہین محمد بن عجلان صدوق یعنی نہایت
راستگو ہین اور زید ابن اسلم کی صداقت مین علامہ موصوف فرماتے ہین زید بن اسلم العدوی
المدنی ثقۃ عالم یعنی زید ابن اسلم عدوی مدنی نہایت معتمد اور عالم ہین اور ابو صالح بھی
علی ہذا القیاس نہایت معتمد ہین انتہی ما فی التقریب اور ابو ہریرہ کی بزرگی تو ہر
خاص و عام پر ظاہر ہے کہ صحابی مشہور کثیر الروایت ہین اور سنن النسائی مین دو روایت
اس مضمون کی موجود ہین روایت اول مین جمیع رواۃ ابن ماجہ سے کہ جنکی روایت مذکور ہے
روایت کیا اور ثانی مین یون روایت کی اخبرنا محمد بن عبد اللہ بن المبارک حدثنا محمد
بن سعد الانصاری قال حدثنی محمد بن عجلان عن زید بن اسلم عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرء
فانصتوا انتہی پس علاوہ رواۃ مذکورین کے دو راوی اسمین اور ہین اول محمد بن عبد اللہ
ابن المبارک جنکو علامہ ابن حجر فرماتے ہین محمد ابن عبد اللہ بن المبارک المخزومی ثقۃ حافظ
اور ثانی محمد بن سعد الانصاری صدوق یعنی محمد بن عبد اللہ نہایت معتمد حافظ حدیث
ہین اور محمد بن سعد الانصاری بھی علی ہذا القیاس از حد راستگو ہین انتہی ما فی التقریب
بالجملہ حدیث صحیح مذکور سے بدرجہ اتم ظاہر ہے کہ مقتدی بجز سکوت کے قرارت نکرے
لہذا مولانا خرم علی محدث بلہوری اپنے رسالہ منع قرارت خلف امام مین ترقیم فرماتے ہین
کہ یہہ حدیث تفسیر آیت واذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا کی ہے یعنی فاستمعوا لہ
اذا جہر وانصتوا اذا خافت والا یلزم التکرار انتہی اگر کسی صاحب کے ذہن مین یہہ خدشہ
گذرے کہ اس روایت مین لفظ واذا قرء فانصتوا حدیث مین محفوظ نہین ہے جیسا کہ
کہا ابو داود نے قولہ وانصتوا لیس بمحفوظ کہ یہہ خطا ابو خالد کی ہے جو راوی اس حدیث

جواب

کاہی جواب اسکا یہہ ہی کہ علامہ عینی حنفی نے شرح صحیح بخاری مین اس لفظ کو بدرجۂ
اتم صحت کو پونہچا کر معترضین کے قول کو رد کیا اور بعد اوسکے فرمایا عن ابن حنبل انہ
صَحَّحَ الحدیثان یعنی حدیث ابی موسی وحدیث ابی ہریرۃ والعجب من ابی داؤد انہ
نسب الوہم الے ابی خالدٍ وہو ثقۃٌ بلاشکٍ انتہی ما فی العینی یعنی امام احمد حنبل سی مروی
ہی کہ دونو حدیثین صحیح ہین اول ابو موسی اشعری کی جو مسلم نے روایت کی اور ثانی جو
ابن ماجہ اور نسائی نے ابو ہریرہ سی روایت کی اور نہایت تعجب ہی ابو داؤد سے کہ
اُنھون نے نسبت کی وہم کی طرف ابو خالد کے اور حال یہہ ہی کہ وہ بلاشک ثقہ ہین
اور جناب مولانا بلہوری موصوف اپنی رسالہ مین تحریر فرماتے ہین ملخص اُسکا یہہ ہی کہ منذری
نے مختصر مین اس قول کو یعنی قول ابو داؤد کو رد کیا اور فرمایا کہ ابو خالد کنیت سلیمان بن
حیان کی ہی جو عمدہ ثقات رواۃ سی ہی کہ بخاری اور مسلم نے اُسکی روایت کے ساتھہ حجت
پکڑی مع ہذا ابو خالد احمر اس روایت مین منفرد نہین بلکہ محمد بن سعد الانصاری بھی اس
روایت مین ہمعنان اُسکا ہی چنانچہ نسائی مین دونو روایت موجود ہین من شاء فلینظر الیہ
اور علاوہ اسکے ابن خزیمہ نے بھی تصحیح الحدیث کی مع لفظ فانصتوا کے کی ہی پس
طعن طاعن ساقط الاعتبار ہی انتہی اور علامہ ابراہیم حلبی شرح منیۃ المصلی مین تحریر
فرماتے ہین ولا یلتفتُ الی تضعیفِ ابی داؤد وغیرہ لہذہ الزیادۃ بعد صحۃ طریقہا وثقۃ
راویہا انتہی وہکذا فی فتح القدیر ـ یعنی نہین خیال کیا جاویگا طرف ضعیف کہنے ابو داؤد
وغیرہ کے لفظ واذا قرء فانصتوا کو بعد صحت پونہچنے اوسکے طریق کے اور ثقہ ہونے
راوی اوسکے کے اور مانند اسکے فتح القدیر مین ہی اور مولانا بشیر الدین احمد بہاری
تبصیر العینین مین لکھتی ہین ہذا مسلمٌ جبلٌ من جبال ائمۃ الحدیث واہل النقل حکم بصحۃ
ہذا الحدیث وقد ایدتہ ایۃٌ یعنی صاحب مسلم نے جو ایک پہاڑ ہی پہاڑون ائمہ حدیث اور
اہل نقل سی حکم کیا ساتھہ صحیح ہونے اس حدیث کے اور تحقیق مؤید اسکی آیہ کریمہ اذا قرئ

القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا ہی انتہی ما فی التبصیر پس ہرگاہ ایسے ایسے علماء مشاہیر
اسکی صحت مین شاہد ہین تو پہر اسکی تصحیح مین کیا کلام خلاصۃ المرام یہہ کہ احادیث صحیحہ اور
آیۂ مذکورہ سے عدم قرارت خلف امام بہر دو حال ثابت ہی اور سوای اسکے وہ حدیث جو
ای سرا وجہرا ۱۲ منہ
سنن ابن ماجہ مین بروایت جابر بن عبد اللہ مروی ہی اس سی قرارت ماموم کی بمعرفت
قرارت امام مثبت ہی عن جابر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من
کان لہ امامٌ فانّ قرارۃ الامام لہ قرارۃٌ یعنی سنن ابن ماجہ مین جابر بن عبد اللہ سی مروی
ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ اوسکے واسطے امام ہو تو قرارت
امام کی بعینہ قرارت اُسکی ہی اُسکو اپنی زبان سی پڑھنا ضرور نہین کیونکہ باوجود حاصل
ہونے قرارت کے اگر پھر مقتدی نے قرارت کی تو اُسکی جانب سی دو قرارت حاصل
ہونگی اور امام کی ایک اور یہہ صورت غیر معہود ہی کما فی الارکان الاربعہ وحجتنا انّ
قرارۃ الامام قرارۃٌ لہ بالنص فلو قرأ المقتدی لزم لہ قراءتانِ وہو غیر معہودٍ فی الشرع

حجت

اگر کوئی اعتراض کرے کہ حدیث من کان لہ امامٌ جو ابن ماجہ سی منقول ہی اُسکی رواۃ مین
ایک شخص جابر جعفی رافضی ہے کہ اُسکا رفض مسلم وغیرہ سی ظاہر ہی پس یہہ روایت قابل
استدلال نہین

سوال ۱۲

جواب اسکا یہہ ہی کہ جابر جعفی اس روایت مین منفرد نہین بلکہ اوسکے
ساتھہ ابو زبیر بھی موجود ہین من شاء فلینظر ثمہ پس جابر جعفی کا اس روایت مین عدم
وجود مساوی ہی لہذا مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی قدس سرہ تحفہ اثنا عشریہ مین

جواب

تحریر فرماتے ہین ملخص اُسکا یہہ ہی کہ ترمذی وابو داؤد ونسائی وابن ماجہ نے روایت
جابر جعفی کو ساتھہ متابعات اور شواہد کے قبول کیا اور جس روایت مین وہ منفرد ہی اُسکو
رد کیا پس اس روایت مین ابو زبیر جبکہ اُسکا متابع اور شاہد موجود ہے کہ جسکی روایت
مسلم وغیرہ نے اختیار کی کیونکر ساقط الاعتبار ہوگی علاوہ اس کے حدیث کے طرق
متعدد ہین ایک جماعت صحابہ کرام نے اُسکو روایت کیا مثل جابر بن عبد اللہ وابن

ف

قول مولانا عبد العزیز قدس سرہ ۱۲

عمر و ابو سعید خدری و ابو ہریرہ و ابن عباس و انس بن مالک وغیرہم رضوان اللہ تعالیٰ علیہم
اجمعین سے چنانچہ روایت جابر بن عبد اللہ کی ابن ماجہ نے نقل کی من کان لہ امام الخ اور روایت
ابو سعید کی طبرانی نے اوسط میں قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کان لہ امام
فقراءتہ لہ قراءۃ اور روایت ابو ہریرہ کو طبرانی نے اپنی سنن میں ذکر کیا من کان لہ امام
فقراءۃ الامام لہ قراءۃ اور روایت ابن عباس کی دار قطنی نے روایت کی عن
النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال یکفیک قراءۃ الامام خافت او جہر اور روایت انس بن مالک
کی ابن حبان نے نقل کی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کان لہ امام
فقراءۃ الامام لہ قراءۃ کذا فی العینی شرح البخاری الغرض یہہ حدیث اگرچہ بجہت بعض
رواۃ کے فی نفسہ ضعیف ہی ولیکن بباعث کثرت طرق کے درجہ کمال صحت کو پہنچی لہذا
مولانا بحر العلوم ارکان اربعہ مین لکھتے ہین اسناد حدیث من کان لہ امام الخ اقوے
من اسناد عبادۃ بن الصامت انتہی یعنی اسناد حدیث من کان لہ امام الخ کے قوی
زیادہ ہی اسناد عبادہ بن صامت سے اور موید اسکے وہ حدیث ہی جو امام محمد نے موطا مین
حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے مرفوعاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک روایت کی
جمیع رواۃ اسکی ثقاہت اور بزرگی مین بخاری اور مسلم کی شرط پائی گئی قال محمد بن الحسن
فی موطائہ ثنا ابو حنیفۃ ثنا ابو الحسن موسیٰ بن ابی عائشہ عن عبد اللہ بن شداد بن الہاد عن جابر بن
عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من صلی خلف الامام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ
یعنے امام محمد نے اپنی موطا مین فرمایا کہ حدیث بیان کی ہم سے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے
اونھون نے ابو الحسن موسیٰ بن ابی عائشہ سے اونھون نے عبد اللہ بن شداد بن الہاد سے
اونھون نے جابر بن عبد اللہ سے اونھون نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے
جس شخص نے اقتدا کی خلف امام پس تحقیق قراءت امام کی عین قراءت اسکی ہی پس جبکہ
بارشاد نبی صلعم قراءت ماموم بذریعہ امام ثابت ہوئی تو پھر قراءت کرنا ماموم کا ایک امر

زوائد سے ہوگا اب ثقاہت رواۃ کو ملاحظہ فرمانا چاہیے پس امام محمد اور امام ابو حنیفہ رحمہما
اللہ کی ثقاہت اور جلالت تو نزدیک فقہا اور محدثین کے بالاتفاق ثابت ہی کچھ حاجت
تحریر نہین اور ابو الحسن موسیٰ بن ابی عائشہ انکی نسبت علامہ ابن حجر تقریب مین تحریر فرماتے
ہین موسیٰ بن ابی عائشہ الہمدانی بسکون المیم مولاہم ابو الحسن الکوفی ثقۃ عابد من الخامسۃ
یعنے موسیٰ ابن ابی عائشہ ابو الحسن کوفی ہی نہایت معتمد اور عابد راویون مین درجہ
دوم اور طبقہ پنجم سے ہین پس علامہ موصوف تو انکی توثیق ان صفت سے کرتے ہین کمال
تعجب ہی ان صاحب کے حال پر کہ ایسے معتمد مشہور راوی کو جہالت یا الغرض خاص اپنی کسی مطلب
کے لکھا کہ ہر طریق مین ابو الحسن کوفی پڑے ہوئے ہین جنکو علامہ ابن حجر مجہول کہتے ہین
کما قال ابو الحسن الکوفی مجہول - یہہ نہ خیال کیا کہ یہہ ابو الحسن کس طبقہ مین ہی اور روایت
اسکی کس کتاب مین مروی ہی حال آنکہ یہہ ابو الحسن کوفی مجہول طبقہ سادسہ مین ہی چنانچہ علامہ
موصوف فرماتے ہین ابو الحسن الکوفی مجہول من السادسۃ انتہی یعنی یہہ ابو الحسن کوفی
مجہول چھٹے طبقہ مین ہی اور اوسکے نام پر رمز حرف د مرقوم ہی اشارہ اسمین یہہ ہی کہ ابو داؤد
نے اسکی روایت اپنی سنن مین داخل کی اور وہ ابو الحسن موسیٰ بن ابی عائشہ مشہور و معروف
جنسے حضرت ابو حنیفہ رح نے روایت کی وہ طبقہ پنجم مین نہایت جلیل القدر راوی ہین
اونکے نام پر رمز حرف ع مرقوم ہی اشارہ یہہ ہی کہ صحاح اور علاوہ صحاح کے اور ائمہ
محدثین نے بھی انکی روایت کو اپنی کتاب مین داخل کیا اگر یہہ کہین کہ ارسال کرتے تھے
جیسا کہ علامہ موصوف فرماتے ہین کان یرسل پس جواب اسکا یہہ ہی کہ اس روایت
مین ارسال نہین کیا اور اگر بالفرض یہہ روایت مرسل بھی ہوتی تو ایسے راوی کا ارسال
نزدیک محققین کے صحیح ہی کما قال النووی فی شرح المسلم مذہب مالک و ابو حنیفۃ و
احمد و اکثر الفقہاء الی جواز الاحتجاج بالمرسل یعنی امام مالک اور ابو حنیفہ اور احمد اور
اکثر فقہا کی رای یہہ ہی کہ جائز ہے حجت ساتھہ حدیث مرسل کے کذا قال الشیخ الدہلوی

فی مقدمۃ المشکوۃ ـ پس جبکہ ابو الحسن موسی ابن عائیشہ کی فضیلت و امانت نزدیک محدثین کے ثابت ہوئی تو پھر اُس ابو الحسن کو فی مجہول سے کیا نسبت فقاتل ولاتکن من الغافلین آور عبد اللہ بن شداد بن الہاد مدنی زمانہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم مین پیدا ہو تحرر ذکر کیا انکو عجلی نے کبار تابعین ثقات سے اور تھے شمار کئے گئے بیچ فقہا کے اور جابر بن عبد اللہ صحابی ابن صحابی ہین اٹھارہ جہاد مین کافرون سے مقابلہ کیا اور خوب لڑے انتہی ما فی التقریب اور اِس حدیث کو مرفوعاً و مرسلاً بکثرت ائمہ محدثین نے اپنی کتب مین نقل کیا چنانچہ دارقطنی نے اپنے سنن مین او طبرانی نے معجم اوسط مین آور امام احمد حنبل نے اپنے مسند مین مرفوعاً روایت کیا اور اِس حدیث کے وجہ ورود مین ایک قصہ واقع ہوا چنانچہ قدوۃ الانام کمال الدین ابن ہمام نے فتح القدیر مین اور علامہ حلبی نے شرح منیۃ المصلی مین بروایت حاکم مرفوعاً نقل کیا ملخص اُسکا یہہ ہے کہ ایکروز آنحضرت صلعم مع جماعت صحابہ کرام نماز ادا فرماتے تھے منجملہ صحابہ کرام کے ایک شخص نے پیچھے آپکے قرارت کی پس ایک صحابی کو معلوم ہوا انھون نے باشارت ممانعت کی مگر باز نرہا بعد فارغ ہونے کے اُس منع کرنیوالیکے پاس آیا اور کہا کہ تو منع کرتا ہے قرارت خلف رسول اللہ صلعم سے پس باہم دونومین نزاع ہونے لگی یہانتک کہ یہہ مقدمہ بجناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم مذکور ہوا اُسوقت آپ نے یہ ارشاد فرمایا ـ مَنْ صَلّٰی خَلْفَ الْاِمَامِ فَاِنَّ قِرَاءَۃَ الْاِمَامِ لَہٗ قِرَاءَۃٌ یعنی اُس پڑہنے والے کو آپ نے البتہ سمجھا دیا کہ جو شخص مقتدی ہو اُسکو بذریعہ امام قرارت حاصل ہوئی قال ابو حنیفۃ رح اِنَّ ذٰلِکَ کَانَ فِی الظُّہْرِ اَوِ الْعَصْرِ فرمایا امام ابو حنیفہ رح نے بیشک یہہ معاملہ ظہر یا عصر مین واقع ہوا پس معلوم ہوا کہ یہہ حدیث در باب نماز سریہ کے ارشاد ہوئی لہذا امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ اور جملہ علماء حنفیہ مطلق قرارت خلف امام سے منع فرماتے آئے اسوجہ سے کہ احادیث درباب سکوت موتم نماز جہریہ اور سریہ دونومین پائی گئی کما مر آور علاوہ احادیث مرقومہ کے

اسبابمین کتب صحاح اور غیر صحاح مین حدیثین موجود ہین من شاء فلینظر فی کتب الاحادیث

فصل سوم در ذکر ترک قرارت خلف امام بدلیل عمل و فتوی صحابہ کرام کے

واضح ہو کہ سوا اِس کے ایک جماعت صحابہ کرام نے ترک قرارت خلف امام مین فتوی دیا اور ممانعت مین تاکید بلیغ فرمائی کما قال قاضی ثناء اللہ پانی پتی فی تفسیر المظہری رُوِیَ عن جماعۃٍ من الصحابۃ ترکُ القراءۃِ خَلْفَ الامام انتہی یعنی قاضی ثناء اللہ پانی پتی تفسیر مظہری مین تحریر فرماتے ہین کہ روایت کی گئی ایک جماعت صحابہ کرام سے نہ قرارت کرنی پیچھے امام کے انتہی وعن ابی النعیم وہب بن کیسان انہ سمع جابر بن عبد اللہ یقول مَنْ صَلّٰی رکعۃً لم یقرأ فیہا بِاُمِّ القرآن فلم یُصَلِّ اِلَّا وراءَ الامام رواہ مالکؒ فی الموطا والترمذی فی سننہ یعنی امام مالک اپنی موطا مین اور ابو عیسی ترمذی اپنی سنن مین بروایت ابی النعیم وہب بن کیسان فرماتے ہین کہ سُنا وہب نے جابر بن عبد اللہ سے وہ فرماتے تھے کہ جسنے پڑہی ایک رکعت اور نہ پڑھی اُسمین سورہ فاتحہ پس گویا نماز ہی نہین پڑھی یعنی نماز اُسکی ناقص ہے مگر پیچھے امام کے یعنی یہہ حکم منفرد اور امام کے حق مین ہے نہ مقتدی کے حق مین لہذا علامہ زرقانی اسکی شرح مین لکھتے ہین الا وراء الامام فقد صلی ففیہ انہا لا تجب علی الماموم مگر پیچھے امام کے جسنے اقتدا کی اُسنے نماز پڑھی یعنی جبکہ امام نے قرارت کی تو عین قراءۃ مقتدی کی ہوئی اور اُسکی نماز ہو گئی پس اِسمین یہہ امر ثابت ہوا کہ قراءۃ مقتدی کو واجب نہین ؛

فائدہ باوجودیکہ علامہ زرقانی حنفی نہین ہے اوسکے قول سے بھی وجوب قرارت خلف امام ثابت نہین ہوا اور مولوی احمد علی صاحب محدث سہارنپوری شاگرد رشید مولانا محمد اسحق صاحب محدث دہلوی رسالہ الدلیل القوی مین تحریر فرماتے ہین پس ازین آثار و اخبار صاف و صریح ہویدا ست کہ اتفاق عامہ صحابہ و تابعین وغیرہ برین ست کہ قراءۃ خلف امام یعنی فاتحہ یا بغیر آن در صلوۃ سریہ باشد یا جہریہ اصلا نباید خواند و ہمین ست مذہب حنفیہ و ہو قال لما علیہ الجمہور انتہی اور مثل روایت حضرت جابر کے کشف الغمہ عن جمیع الامۃ صفحہ ۱۲۹ مطبوعہ مصر مین حدیث مروی ہے ابن عباس سے

قال ابن عباس رض کان رسول اللہ صلعم یقول من صلی رکعۃ لم یقرأ فیہا بام الکتاب فلم یصل الا وراء الامام الغرض اس سے بھی قرارت فاتحہ خلف امام ثابت نہین بلکہ ممانعت ثابت ہے وقال العینی رح فی شرح البخاری قلت روی عبدالرزاق فی مصنفہ اخبرنی موسی بن عقبۃ ان رسول اللہ صلعم وابابکر وعمر وعثمان کانوا ینہون عن القراءۃ خلف الامام یعنی علامہ عینی شرح صحیح بخاری مین تحریر فرماتے ہین کہ کہتا ہون مین روایت کی عبدالرزاق نے اپنی مصنف مین خبر دی مجکو موسی بن عقبہ نے کہ بیشک رسول خدا صلعم اور ابوبکر اور عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم منع کرتے تھے قرارت خلف امام سے انتہی وعن نافع ان عبداللہ بن عمر کان اذا سئل ہل یقرأ احد خلف الامام قال اذا صلی خلف الامام تحسبہ قراءۃ الامام واذا صلی وحدہ فلیقرأ قال وکان عبداللہ بن عمر لا یقرأ خلف الامام رواہ مالک فی الموطا۔ امام مالک نافع رض سے روایت کرتے ہین فرمایا نافع نے کہ بیشک عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جسوقت سوال کیے جاتے تھے کہ آیا قرارت کرے کوئی شخص خلف امام تو فرماتے کہ جب پڑھے پیچھے امام کے پس کفایت ہے اسکو پڑھنا امام کا اور جب تنہا نماز پڑھے پس چاہیے کہ ضرور قرارت کرے فرمایا نافع نے کہ عبداللہ بن عمر نہین قرارت کرتے تھے پیچھے امام کے علامہ زرقانی رح اسکی شرح مین تحریر فرماتے ہین فعلم وجوبہا عندہ علی الامام والمنفرد پس معلوم کیا گیا اس سے واجب ہونا قرارت کا نزدیک عبداللہ بن عمر رض کے امام اور منفرد پر ایضا فیہ قال ابن عبدالبر ظاہرہ انہ لا یری القراءۃ فی سر الامام ولا فی جہرہ انتہی ما فی الزرقانی اور بھی علامہ زرقانی شرح مذکور مین لکھتے ہین کہ فرمایا ابن عبدالبر نے ظاہر اس قول کا یہہ ہے کہ عبداللہ بن عمر کے نزدیک نہین ثابت ہوا قرارت کرنا مقتدی کا نماز سریہ اور جہریہ دونون مین خلاصہ یہہ کہ اس روایت سے فتوی اور عمل ابن عمر رضی اللہ عنہما کا عدم قرارت خلف امام پر دال ہے پس جبکہ ایسے جلیل القدر صحابی نے باوجود اتباع سنت خلف امام قرارۃ نکی تو اس سے صاف ظاہر ہے کہ قرارت خلف امام خلاف سنت ہے پس واجب تو کیا اگر سنت

۵ کذا فی الدلیل القوی مولوی احمد علی ... نور ...

۶ روایت

بلکہ مستحب بھی ہوتا تو ہرگز ترک نفرماتے اور تصحیح اس روایت کی حضرات محدثین کو بدرجہ اتم پونہچی چنانچہ علامہ ابن حجر تقریب مین تحریر فرماتے ہین قال البخاری اصح الاسانید کلہا مالک عن نافع عن ابن عمر یعنی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ صحیح تر اسناد وہ ہے جو امام مالک نے نافع سے اور اونھون نے ابن عمر رض سے روایت کی پس یہہ روایت ابن عمر رض کی جسکو امام مالک رح نے اپنی موطا مین نقل کی بقول امام بخاری علیہ الرحمۃ نہایت صحت کو پونہچی کہ جس سے عدم قرارت خلف امام ثابت ہوا بالجملہ صحابہ کرام کو حدیث رسول اکرم صلعم درباب منع قرارت خلف امام بکثرت پونہچی لہذا تارک اس فعل کے ہوئے اور ممانعت مین تاکید بلیغ فرمائی یہانتک کہ حضرات محدثین نے اسی نفر مشاہیر صحابہ کرام کو بالتعین شمار کیا کما قال العینی فی شرح البخاری قد روی منع القراءۃ عن ثمانین نفرا من کبار الصحابۃ منہم المرتضی والعبادلۃ الثلثۃ واسامیہم عند اہل الحدیث فکان اتفاقہم بمنزلۃ الاجماع یعنی علامہ عینی شرح صحیح بخاری مین تحریر فرماتے ہین کہ تحقیق مروی ہے منع قرارت خلف امام اسی نفر بزرگ ترین اصحاب نبی صلعم سے ازانجملہ حضرت علی اور عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن مسعود ہین رضی اللہ عنہم اجمعین پس اسقدر جماعت کثیر صحابہ کرام کا متفق ہونا بمنزلہ اجماع کے ہے وایضا فیہ وذکر الشیخ الامام عبداللہ بن یعقوب الحارثی السبذمونی فی کتاب کشف الاسرار عن عبداللہ بن زید بن اسلم عن ابیہ قال کان عشرۃ من اصحاب النبی علیہ السلام ینہون عن القراءۃ خلف الامام اشد النہی ابوبکر الصدیق وعمر الفاروق وعثمان بن عفان وعلی بن ابی طالب وعبدالرحمن بن عوف وسعد بن ابی وقاص وعبداللہ بن مسعود وزید بن ثابت وعبداللہ بن عمر وعبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم اور بھی علامہ موصوف اسی شرح بخاری مین لکھتے ہین کہ ذکر کیا شیخ الامام عبداللہ بن یعقوب حارثی سبذمونی نے کتاب کشف الاسرار مین بروایت عبداللہ بن زید بن اسلم اور وہ اپنے والد زید بن اسلم سے کہ دس اصحاب نبی صلعم کے منع کرتے تھے قرارت خلف امام سے بشدت تمام وہ صحابہ کرام یہہ ہین ابوبکر اور عمر اور

۶ روایت منع قرارت خلف امام از خلفاء راشدین ...

عثمان اور علی اور عبدالرحمن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص اور عبداللہ بن مسعود اور زید
بن ثابت اور عبداللہ بن عباس رضوان اللہ تعالے علیہم اجمعین اور راوی اسکے یعنی
عبداللہ بن زید اور زید بن اسلم ثقاہت اور عدالت مین نہایت مشہور ہین کما فی التقریب
وقال العلامۃ ابراہیم الحلبی فی شرح منیۃ المصلے وقدوۃ الانام کمال الدین بن ہمام
فی فتح القدیر وغیرہما روی الطحاوی فی شرح الآثار ثنا یونس بن عبدالاعلے ثنا عبداللہ
بن وہب اخبرنی حیوۃ بن شریح عن بکر بن عمرو عن عبداللہ بن مقسم انہ سئل عبداللہ بن
عمر و زید بن ثابت و جابر بن عبداللہ فقالوا لا تقرأ خلف الامام فی شیئ من الصلوۃ یعنی
علامہ ابراہیم حلبی اور قدوۃ الانام کمال الدین بن ہمام فرماتے ہین کہ روایت کی امام ابوجعفر
طحاوی نے شرح آثار مین کہ روایت کی ہمسے یونس بن عبدالاعلی نے اور اُنہون نے
عبداللہ بن وہب سے وہ فرماتے ہین کہ خبر دی مجکو حیوۃ بن شریح نے اور وہ روایت کرتے
ہین بکر بن عمرو سے اور وہ عبداللہ بن مقسم سے کہ سوال کیگئی قرارت خلف امام مین عبداللہ
بن عمر اور زید بن ثابت اور جابر بن عبداللہ پس تینون صاحب نے بالاتفاق فرمایا کہ نہ قرارت
کرو پیچھے امام کے کسی نماز مین یعنی خواہ نماز سری ہو یا جہری قرارت خلف امام جایز نہین
آب ثقاہت رواۃ کو ملاحظہ فرمایئے اول یونس بن عبدالاعلی کہ اُنکی صفت مین علامہ ابن حجر
فرماتے ہین ثقۃٌ یعنی نہایت راست گو ہین اور عبداللہ بن وہب کی نسبت ثقۃٌ حافظٌ عابد
فرمایا یعنی عبداللہ بن وہب نہایت راستگو حافظ حدیث اور عابد ہین اور حیوۃ بن
شریح کو لکھا ثقۃ ثبتٌ فقیہٌ زاہدٌ یعنی حیوۃ بن شریح راستگو ثابت فی العدالت فقیہ زہد و
تقوی مین از حد ممتاز ہین اور بکر بن عمرو اور عبداللہ بن مقسم کو ثقۃٌ تحریر فرمایا انتہی ما
فی التقریب اور عبداللہ بن عمر اور زید بن ثابت اور جابر بن عبداللہ کی بزرگی ظاہر ہی کہ
صحابی مشہور و معروف ہین باوجود اسکے اوصاف حمیدہ اُنکے اوپر بیان ہوئے اور صحیح مسلم
مین عطا بن یسار سے مروی ہی انہ سأل زید بن ثابت عن القراءۃ مع الامام فقال لا قراءۃ

مع الامام فی شیئ یعنے عطا بن یسار نے سوال کیا زید بن ثابت سے قرارت کرنے سے ساتھ
امام کے پس فرمایا نہین قرارت ہی ساتھ امام کے کسی شی مین یعنی خواہ نماز سری ہو یا جہری
مگر خلف امام پڑھنا جایز نہین وقال النووی الشافعی فی شرحہ فیستدل بہ ابو حنیفۃ رضی اللہ
عنہ وغیرہ ممن یقول لا قراءۃ علی المأموم فی الصلوۃ سواء کانت سریۃ او جہریۃ اور فرمایا
علامہ نووی شافعی نے شرح مسلم مین پس دلیل پکڑتی ہی ساتھ اس روایت کے ابوحنیفہ
رضی اللہ عنہ اور سوای اُنکے اُن لوگون نے کہ کہتے ہین نہین قرارت ہی اوپر مقتدی کے نماز
مین مساوی ہی کہ نماز سریہ ہو خواہ جہریہ دروی محمد بن الحسن فی موطائہ عن سفیان بن
عیینۃ عن منصور عن ابی وائل قال سئل عبداللہ بن مسعود عن القراءۃ خلف الامام قال
انصت فان فی الصلوۃ شغلا وسیکفیک قراءۃ الامام یعنی روایت کی امام محمد رحمۃ اللہ نے
اپنی موطا مین سفیان بن عیینہ سے اور اونہون نے منصور سے اور اونہون نے ابووائل سے
فرمایا کہ سوال کیگئی عبداللہ بن مسعود قرارت کرنے سے پیچھے امام کے جواب دیا عبداللہ نے
کہ چپ رہ تحقیق نماز مین ایک شغل ہی اور کفایت ہی تجکو قرارت کرنا امام کا انتہی پس سفیان
ابن عیینہ کی ثقاہت اور بزرگی نزدیک حضرت محدثین کے ثابت زیادہ برین نیست کہ
قبل دو برس انتقال کے حافظہ مین فرق آگیا تھا اور کسیوقت تدلیس کرتے تھے مگر روایت
اُنکی صحیح بخاری اور مسلم وغیرہ مین مروی ہی مشاہیر رواۃ سے ہین اور منصور بن معتمر بن عبداللہ کوفی
ثقہ اور ثابت فی العدالت ہین اور ابووائل کہ نام اُنکا شقیق ہی سلمہ اسدی کے بیٹے وہ بھی نہایت
ثقہ ہین کما فی التقریب والیضا روی محمد فی موطائہ عن داود بن قیس الفراء المدنی قال
اخبرنی بعض ولد سعد بن ابی وقاص ان سعدا قال وددت ان الذی یقرأ خلف
الامام فی فیہ جمرۃ یعنی اس روایت کو بھی امام محمد نے اپنی موطا مین بروایت داود بن
قیس فرا مدنی نقل کیا فرمایا داود نے کہ خبر دی مجکو بعض اولاد سعد بن ابی وقاص نے کہ بیشک
سعد نے فرمایا کہ دوست رکھتا ہون تحقیق وہ شخص کہ پڑھتا ہی پیچھے امام کے اُسکے مُنہ مین

انکار ہو آگے ہوان انتہی پس اس روایت میں اول داود بن قیس فرار مدنی ہیں ثقاہت اور فضیلت میں نہایت ممتاز اور سعد بن ابی وقاص تو عشرہ مبشرہ سے ہیں کہ جنکو بشارت جنتی ہونے کی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے انتہی ما فی التقریب وایضا قال محمد نے موطائہ عن داود بن قیس عن ابن عجلان ان عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال لیت فی فم الذی یقرأ خلف الامام حجرا اور اس روایت کو بھی امام محمد نے موطا میں نقل کیا بروایت داود بن قیس اور انھون نے ابن عجلان سے کہ بیشک حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کاش منہ میں اس شخص کے کہ قرارت کرتا ہے پیچھے امام کے پتھر ہو پس کمال ممانعت آپکے اس کلام سے ثابت ہوئی کہ جو شخص خلف امام پڑھتا ہے اسکا منہ بند ہو جاوے تاکہ قرارت نکرے ورنہ مخالف فرمان رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہوگا اور راوی اسکے یعنی داود بن قیس اور ابن عجلان ان دونو صاحب کا حال اوپر بتفصیل گذرا حاجت اعادہ نہین وروی ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ عن جابر قال لا یقرأ خلف الامام ان جہر ولا ان خافت یعنی روایت کی ابن ابی شیبہ نے اپنے مصنف مین بروایت جابر بن عبداللہ کے نہ قرارت کرے مقتدی خلف امام بہ جہر قرارت کرے امام یا باخفا انتہی خلاصہ یہہ کہ جم غفیر صحابہ کرام نے عدم قرارت خلف امام مین فتوی دیا اور ممانعت بلیغ فرمائی کما قال العینی نے شرح البخاری قال الطحاوی فہو لاء جماعۃ من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد اجمعوا علی ترک القراءۃ خلف الامام وقد وافقہم علی ذلک ما قد روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مما قد منا ہ یعنی امام ابوجعفر طحاوی فرماتے ہین پس یہہ ایک جماعت اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اجماع کیا اوپر ترک قرارت خلف امام کے اور موافق پڑی ان لوگون کی ترک قرارت پر وہ بات کہ مروی ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یعنی وہ روایت کہ قبل اسکے ذکر کیا ہمنے انتہی بالجملہ یہہ چند احادیث رسول کریم اور آثار وفتوے ایک جماعت اصحاب عظیم الشان سے ہمنے مع اسمار الرجال کتب احادیث تصحیح سے تحریر مین آئی زیادہ تحقیق جن صاحب کو منظور ہو کتب مذکورہ مین بلا تعصب ملاحظہ فرماوین بخوبی توضیح حاصل ہو جاویگی

اگر کسی صاحب کے ذہن مین یہہ خیال گذرے کہ یہہ آثار صحابہ موضوع اور غیر معتبر ہین قابل استدلال نہین جواب اسکا یہہ ہے کہ ائمہ محدثین یعنی امام محمد اور امام ابوجعفر طحاوی اور امام ابوبکر بن ابی شیبہ شیخ بخاری ومسلم اور امام عبدالرزاق اور امام حاکم وغیرہم نے مع صحت رواۃ نقل کیا کامر اور علمار محققین نے اپنی کتب مولفہ مین آثار مذکور کو حجت پکڑا چنانچہ قدوہ انام کمال الدین ابن ہمام نے فتح القدیر مین اور علامہ ابراہیم حلبی نے شرح منیۃ المصلی مین اور شیخ المحدثین سراج الہند مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے فتح سر المنان فی تائید مذہب النعمان اور جامع البرکات مین اور علامہ عینی نے شرح صحیح بخاری مین اور صاحب تنویر الابصار نے اسکی شرح منح الغفار مین اور مولانا بحر العلوم نے ارکان اربعہ مین اور مولانا قاضی ثنار اللہ پانی پتی نے تفسیر مظہری مین اور مولوی احمد علی سہارنپوری نے اپنے رسالہ الدلیل القوی علی ترک القراءۃ للمقتدی مین اور علاوہ انکے اور علما نے بھی آثار مرقوم کو اپنی فتاوی مین استدلال پکڑا پس اگر یہہ آثار صحابہ کرام غیر معتبر یا موضوع ہوتے تو ایسے ایسے علمار متبحر کہ جنکی تحقیق از عرب تا عجم مستند ہے کیونکر اختیار کرتے الغرض علمار موصوفین کا اپنی کتب مین آثار مذکور کا داخل کرنا دو حال سے خالی نہین یا تو علم حدیث مین انکو کمال تبحر تھا بصحت تمام تحقیق کر کے اپنی تصانیف مین داخل کیا یا مطلق علم حدیث جانتے نہ تھے جو کچھ پایا موضوع وغیرہ بھر دیا پس صورت اول یعنی تحقیق وتبحر فی الحدیث ان حضرات کے تمام علما شاہد ومداح ہین اور ثانی یعنی عدم تحقیق کا تو کوئی فرد بشر مقر نہو پس لامحالہ ان علمار کا آثار مذکور کو اپنے فتاوی مین عدم قرارت سورہ فاتحہ خلف الامام پر استدلال لانا کمال صحت پر دلالت کرتا ہے فافہم ولا تکن من المتعصبین حاصل کلام یہہ ہے کہ مذہب امام اعظم فخر عالم حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ خلاصہ احادیث صحیحہ راجحہ کا ہے لہذا مولانا لکھنوی اپنے رسالہ منع قرارت خلف امام مین لکھتے ہین خلاصہ اسکا یہہ ہے کہ اکثر قاصران فہم اوپر احاطہ کرنے تمام روایات احادیث کے اور ترجیح دینے ایک کو اوپر دوسرے کے قدرت نہین رکھتے بعض روایت مرجوحہ یا منسوخہ یا مؤلہ کو مخالف

مذہب حنفیہ کے قرار دیتے ہین یہہ قصور اُنکی تحقیق اور عقل کا ہی نہ قصور مذہب انتہی

فصل چہارم در ادلہ مثبتین مع جواب و توضیح و تاویل

